



والدین اپنی لڑکیوں کو دینی تعلیم سے آراستہ کریں

مسجد عالیہ گن فاؤنڈری میں شریعت انفارمیشن سرویس سے ڈاکٹر مفتی تنظیم عالم قاسمی کا خطاب

حیدرآباد، 23 مئی۔ (پریس نوٹ) ''ہر مسلمان کا عقیدہ ہے کہ موت کے بعد ایک دائمی زندگی شروع ہونے والی ہے، جس کی کوئی انتہاء نہیں ہوگی، وہاں کی کامیابی ہی اصل کامیابی ہے۔ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے متعدد مرتبہ اس کا اعلان کیا ہے کہ روز محشر ایمان نجات کی بنیاد ہوگا، جسکے پاس ایمان ہوگا وہ نجات پا جائیگا اور جو حقیقی ایمان سے محروم ہوگا اس کا عمل صالح اگر پہاڑ کے برابر بھی ہو تو اسے نجات نہیں مل سکے

گی۔ اس عقیدے پر ایک مسلمان کو جینا اور مرنا چاہئے اور اپنی اولاد اور ماتحتوں کو اسی کا سبق دینا چاہئے بالخصوص اپنی بچیوں کو بچپن سے ایمان اور عقیدہ ایسا سکھا دیں کہ ان کی رگ رگ پر اللہ اور آخرت کا خوف اس قدر غالب آجائے کہ وہ ہر طرح کا چیلنج قبول کرنے تیار ہو جائیں، فاقہ برداشت کرلیں اور سنگین سے سنگین حالات سے گذرنے پر آمادہ ہو جائیں مگر اپنے ایمان کا سودا نہ کریں، موت تک اپنے اسلامی عقائد پر قائم رہیں''۔ ان خیالات کا اظہار معروف عالم دین ڈاکٹر مفتی تنظیم عالم قاسمی استاذ حدیث دارالعلوم سبیل السلام حیدرآباد نے مسجد عالیہ گن فاؤنڈری میں شریعت انفارمیشن سرویس کی 938 ویں نشست سے ''مسلم لڑکیوں کا ارتداد اور اس کا سدباب'' کے موضوع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ آج اسلام دشمن تنظیموں کی جانب سے مکمل کوشش کی جارہی ہے کہ مسلم لڑکیاں مرتد ہو جائیں اور ان کے پیٹ سے مشرک بچوں کو جنم دیا جائے، اس کیلئے منصوبہ بند طریقے پر کچھ شر پسند نوجوانوں کو تیار کیا گیا ہے کہ وہ جھوٹے عشق و محبت کے جال میں مسلم بچیوں کو پھنسائیں اور ان کو دین و ایمان سے برگشتہ کر کے ہندوانہ رسم کے مطابق ان سے شادی کرلیں، آج مسلم بچیوں کے ارتداد کی وبا پھیلی ہوی ہے اور پھیلتی جارہی ہے جو ملت اسلامیہ کیلئے بڑا المیہ اور نہایت قابل افسوس ہے۔ والدین اگر چاہتے ہیں کہ ان کی بچیوں کا ایمان محفوظ رہے اور ان کے مرنے کے بعد بھی وہ دین پر قائم رہیں تو پانچ چیزوں پر عمل کرنا ضروری ہے۔ سب سے پہلے ان کی دینی تعلیم و تربیت کا مستحکم انتظام کریں، صحابیات کے واقعات انہیں بتائیں کہ کس طرح ان لوگوں نے ساری مشقتیں برداشت کر کے اپنے ایمان کی حفاظت کی، اسلامی خطوط پر ان کی نشونما ہوگی تو دین پر قائم رہنا ان کیلئے آسان ہوگا۔ دوسرے انہیں اجنبی مردوں سے اختلاط سے بچایا جائے۔ تعلیم اور ملازمت گاہ یا کوچنگ اور کال سنٹروں میں اجنبی مردوں کیساتھ اٹھنے بیٹھنے اور ساتھ رہنے پر پابندی لگادی جائے، ایسی جگہوں میں ہرگز انہیں نہ بھیجیں جہاں ان کا مردوں کے ساتھ اختلاط ہوتا ہے۔ تیسرا کام یہ ہے کہ جب بچیاں بالغ ہو جائیں تو مناسب رشتہ دیکھ کر فوری ان کی شادی کردی جائے، رشتہ تلاش کرنے اور ازدواجیت سے جوڑنے میں تعلیم یا ملازمت کو ہرگز آڑ نہ بنایا جائے۔ اسی حکمت کی بنیاد پر اسلام نے جلد شادی کی ترغیب دی ہے تا کہ ان کے بھکنے کے راستے بند ہو جائیں۔ اس کے سدباب کیلئے چوتھی چیز ضروری ہے کہ بیہودہ لباس سے اجتناب کیا جائے، ان کو بچپن سے ساتر لباس پہننے کی عادت ڈالی جائے، تنگ یا باریک لباس نہ پہنایا جائے جس سے شیطان صفت انسان کو غلط نظر ڈالنے کا موقع ملتا ہے اور مختلف فسادات کی راہ کھل جاتی ہے۔ احتیاطی تدابیر کے طور پر پانچویں چیز ضروی ہے کہ ان کی نقل و حرکت پر نظر رکھیں، کن لوگوں کیساتھ ان کا اٹھنا بیٹھنا ہے اور کن سے دوستی ہورہی ہے، جہاں تک ہو سکے اسمارٹ فون سے انہیں دور رکھا جائے کہ دوستی کا آغاز اسی سے ہوتا ہے۔ اگر ان پانچوں باتوں پر عمل کیا جائے تو امید ہے کہ ان کا ایمان محفوظ رہے گا اور ارتداد کی وبا سے نجات مل سکے گی۔

اذان، زمین پر سب سے پہلی بلند ہونے والی صدا

مولانا محمد زعیم الدین حسامی کا بیان

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) معتمد سراج العلماء اکیڈیمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی نے کہا کہ زمین پر سب سے پہلی صدا جو بلند ہوئی ہے وہ اذان ہے۔ یعنی سب سے پہلے اذان حضرت جبرئیلؑ نے دی۔ چنانچہ جب حضرت آدم علیہ السلام زمین پر اُتارے گئے تو آپ کو گھبراہٹ اور وحشت ہونے لگی۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت جبرئیلؑ نے اذان کہی اور جب اشھدُ انّ محمد رسول اللہ کہا تو اس سے انست معلوم ہوئی اور آپ کی وحشت دفع ہوگئی۔ اسی لئے جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو اس کے کان میں سب سے پہلے اذان کہی جاتی ہے۔ حضرت عبداللہ بن زیدؓ کو ایک فرشتے نے خواب میں اذان کی تعلیم فرمائی۔ بیدار ہونے کے بعد خوشی خوشی بارگاہ رسالتؐ میں حاضر ہوئے اور اپنے خواب کا تمام واقعہ بیان کیا۔ رسولؐ اللہ یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور آپؐ نے اذان کا یہی طریقہ مقرر فرمایا جو آج تک جاری ہے اور انشاء اللہ قیامت تک جاری رہے گا۔ کچھ لوگ سیاسی مفادکی خاطر اذان کے بارے میں نامناسب وعدے کررہے ہیں جبکہ تاریخ گواہ ہے کہ بڑی بڑی حکومتیں طاقت استعمال کرنے کے بعد بھی اذان کو ختم نہیں کر سکیں بلکہ بند مساجدوں کو دوبارہ کھول کر وہاں نماز و اذان کو جاری کیا۔ مولانا حسامی نے کہا کہ جب موذن اذان کے کلمات کہتا ہے تو شیطان پر ہیبت طاری ہوجاتی ہے اور وہ وہاں سے دور بھاگ جاتا ہے۔ حضرت سیدنا عمرؓ سے روایت ہیکہ رسولؐ اللہ نے فرمایا ہیکہ جو شخص صدقِ دل سے موذن کی اذان کے کلمات کا جواب دے گا اُس پر جنت واجب ہوجاتی ہے۔ یہاں تک کے اذان کے احترام میں قرآن پاک کی تلاوت کو تک موقوف کردینے کا حکم ہے۔

ڈاکٹر ابراہیم رئیسی کی رحلت پر حیدرآبادی عوام کا اظہار تعزیت

حیدرآباد، 23 مئی (راست) حالیہ دنوں ایرانی صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی کی طیارے میں دوران سفر شہادت کے غم کو حیدرآباد کے عوان نے بڑے پیانے پر محسوس کیا۔ رئیسی کی شہادت کی اطلاع ملتے ہی رنج و غم کی ایک لہر دوڑگئی۔ حیدرآباد میں واقع ایرانی سفارت خانہ نے انہی احساسات و جذبات کو ملحوظ رکھتے ہوئے 22 مئی بروز چہارشنبہ کو صبح دس بجے تا شام چھ بجے تک ایرانی سفارت خانہ، بنجارہ ہلز روڈ نمبر 7 کو عوام کیلئے کھلا رکھا گیا۔ حیدرآباد کے عوام نے اس کی اطلاع ملتے ہی اظہار تعزیت کیلئے ایرانی سفارت خانے کا رخ کیا۔ دن بھر ایرانی سفارت خانے میں عوام کا ہجوم دیکھا گیا۔ ان میں ذی وقار علماء دانشوران، سیاسی قائدین، صحافتی برادری کو دیکھا گیا۔ اس موقع پر مولانا ڈاکٹر سید شاہ فصیح الدین نظامی، سابق ناظم کتب خانہ جامعہ نظامیہ، علی اکبر نیرومند، سابق پی آر او، ایرانی سفارت خانہ عامر مخدومی، ڈاکٹر سید شاہ تنویر عالم موسوی، محمد عبدالقادر نائب صدر وائس آف میڈیا اور صحافی عبدالرحمٰن پاشاہ و دیگر موجود تھے۔

نماز جمعہ سے قبل خطاب

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) مسجد حسینی پہاڑ محمدی لین پر نماز جمعہ سے قبل مولانا مفتی ڈاکٹر سید شاہ محمد عبدالمستجب نقشبندی قادری کامل جامعہ نظامیہ کا خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ ٹھیک 2 بجے ادا کی جائے گی۔

☆☆ جامع مسجد گلابی شاہ واقع سرور نگر میں 24 مئی کو نماز جمعہ سے قبل مولانا حافظ ضیاء الحق خطیب و امام خطاب کرینگے۔ نماز ٹھیک 30-1 بجے دن ہوگی۔

☆☆ مولانا حافظ محمد ذاکر شاہ محی الدین قادری صاحب (ناظم مدرسہ شاہ جیلانؒ، حافظ بابانگر) کا قبل نماز جمعہ مسجد احناف روہیل واڑی بارکس میں خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 30-1 بجے ہوگی۔

☆☆ حافظ و قاری مولانا غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری 15 / ذی القعدہ بروز جمعہ قبل نماز جمعہ جامع مسجد شیخہ حصہ اہلسنت و جماعت پھول باغ فاطمہ اویسی نگر حافظ بابانگر میں خصوصی خطاب کریں گے۔

☆☆ مسجد قدوس بالاپور میں 24 / مئی قبل نماز جمعہ معتمد سراج العلماء اکیڈمی مولانا محمد زعیم الدین حسامی قدر رمضان کے عنوان پر خطاب کریں گے۔

☆☆ سکریٹری نشر و اشاعت کے مطابق مسجد ابراھیم (جی پی آر اے) کوارٹرس، کچی باؤلی میں نماز جمعہ سے قبل حافظ و قاری محمد موسیٰ رضوی کا خصوی خطاب ہوگا۔ نماز جمعہ 2:45 بجے ہوگی، بعد نماز جمعہ سلام حضور اقدسؐ پیش کیا جائیگا۔

صدر ایران ابراہیم رئیسی کی شہادت پر جی کشن ریڈی کی قونصلیٹ جنرل ایران حیدرآباد سے اظہار تعزیت: میر فراست علی باقری

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) صدر تلنگانہ بھارتیہ جنتا پارٹی و مرکزی وزیر برائے سیاحت، ثقافت جی کشن ریڈی کی ہدایت پر نمائندگی کرتے ہوئے اسلامی جمہوریہ ایران کے صدر آیت اللہ سید ابراہیم رئیسی اور ہیلی کاپٹر میں شہید ہونے والے دیگر ساتھیوں کی شہادت پر قونصل جنرل ایران مقیم حیدرآباد آقا مہدی شارخی سے میر فراست علی باقری سابق ریاستی ترجمان، سراج النسا، سابق نائب چیئر مین حج کمیٹی آف انڈیا اور صحافت علی خان نے قونصلیٹ جنرل آف اسلامی جمہوریہ ایران کے دفتر بنجارہ ہلز حیدرآباد میں ملاقات کرتے ہوئے تعزیت و تسلیت پیش کی۔

بہتر ازدواجی زندگی کی تربیت کے لیے فلاحی تنظیم صفاء کی پیش رفت ''آداب زندگی'' پروگرام

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) نوجوانوں کو بہتر ازدواجی زندگی کی تربیت کے لیے معروف غیر سرکاری فلاحی تنظیم صفا کی جانب سے ایک منفرد پروگرام وضع کیا گیا ہے۔ اس کا مقصد نوجوانوں کو شادی سے قبل ازدواجی زندگی کی پیچیدگیوں سے مثبت طریقے سے نبٹنے کے لیے ضروری معلومات اور رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ یہ ایک جامع پروگرام ہے جس میں افہام و تفہیم کو فروغ دینے، باہمی ترسیل، تنازعات کے حل مالیاتی انتظام اور قربت جیسے اہم موضوعات کا احاطہ کیا گیا ہے۔ آداب زندگی صفا کی ماصحت منداور پائیدار شادیوں کے فروغ کی سمت میں ایک اہم گرام کا آغاز 24 مئی 2024 سے کیا جارہا ہے۔ سماجی کارکن محترمہ عظمی ہہید نے اس پروگرام کا اعلان ایک محترمہ روبینہ نفیس فاطمہ نے اس موقعے پر گرام کا مجموعی خاکہ پیش کیا اور ازدواجی بہبود کو فروغ دینے میں اسکے مقاصد اور اہمیت پر روشنی ڈالی۔ محترمہ عظمی ناہید نے ازدورتی پہلو کی اہمیت قرآن اور حدیث کی روشنی میں بیان کی۔ انہوں نے پروگرام کے طریقہ کار اور متوقع نتائج کے بارے میں مزید معلومات فراہم کیں۔ منا آداب زندگی" کے بارے میں مزید جانکاری کے لیے SAFA انڈیا، لائٹ ہاؤس بلڈنگ، نورخان بازار، حیدرآباد سے رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

خاتون کا گندے پانی میں بیٹھ کر خستہ حال سڑکوں کیخلاف احتجاج

حیدرآباد، 23 مئی۔ (ایس این بی) نواحی علاقہ ناگول میں ایک خاتون شہری نے علاقہ کی سڑکوں کی خستہ حالت کے خلاف سخت احتجاج درج کرایا ہے۔ خاتون کے احتجاج کی تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ علاقے میں سڑکوں کی انتہائی خستہ حالت کے خلاف خاتون نے دلسکھ نگر کے قریب ناگول کی ایک سڑک پر جمع پانی میں بیٹھ کر احتجاج کیا۔ سڑک پر جمع گندے پانی میں بیٹھ کر خاتون نے محکمہ بلدیہ کے خلاف احتجاج کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آنند نگر کی رہنے والی خاتون نے کالونی کی سڑک پر جہاں پانی جمع ہوگیا تھا بیٹھ گئی۔ خاتون کے مطابق انہوں نے متعدد بار اس سلسلہ میں شکایت کی لیکن کوئی حل نہیں نکلا، اسی لئے وہ عہدیداروں کی توجہ کو خستہ حال سڑکوں پر مبذول کروانے کیلئے اس طرح کا احتجاج کررہی ہیں۔ خاتون نے احتجاج کے ذریعہ گریٹر حیدرآباد میونسپل کارپوریشن کے غیر مناسب رویہ کی پول کھول دی، جس کے بعد عہدیداروں نے علاقہ کا دورہ کیا اور خستہ حال سڑکوں کو فوری ٹھیک کرانے کا تیقن دیا۔ عوامی سطح پر خاتون کی ستائش کی جارہی ہے اور احتجاج کی تائید کی گئی۔

اکاؤنٹنگ پیاکیجس آٹوکیڈ اور کمپیوٹر کی مفت کوچنگ کلاسس

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) طلبہ و طالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند و خود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ای پی، کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین و طالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ ایس ایس سی، انٹر، ڈگری میں جو طلبہ ناکام ہوں اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے ون سٹنگ کی سہولت سے تعلیم جاری رکھ سکتے ہیں۔ مزید معلومات کیلئے ٹائمس کالج چار مینار، اندرون بس اسٹانڈ پر صبح 9 بجے سے شام 7 بجے تک یا فون نمبر 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

ورزش کے ذریعہ بیماریوں کا علاج

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) اعظم فنکشن ہال مغلپورہ میں صبح 6:30 بجے تا 8 / بجے زیر نگرانی ماہر جسمانی ورزش جناب محمد ابراہیم جیلانی مختلف بیماریوں، موٹاپا، شوگر جوڑوں کا درد، کمر درد، گردن درد، تھائیرائیڈ، ذہنی دباؤ، قبض وغیرہ کو دور کرنے کے لئے احتیاطی تدابیر کے طور پر ورزش کروائی جاتی ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے فون: 9963142863 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

ماہانہ محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) ماہانہ محفل نعت پاکؐ 18 ذیقعدہ مطابق 27 مئی بروز دوشنبہ کو بعد عشاء روشن منزل علی نگر بیرون علی آباد میں مقرر ہے داعی محفل محمد عباس نقشبندی نے نعت خواں حضرات و اہل ذوق اصحاب سے شرکت کی اپیل کی ہے مزید معلومات فون نمبر 9885087105 پر حاصل کرسکتے ہیں۔

مجلس عزاء سید شہدائے حضرت امام حسینؑ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) مجلس عز سید شہدائے حضرت امام حسینؑ برائے ایصال ثواب حضرت سید غلام حسین رضا آقا قبلہ کی برسی کی مجلس عزا بتاریخ 24 مئی بوقت 7:30 بجے شام بمقام نور خان بازار باقر آقا لین شریعت کدہ حیدرآباد میں مجلس عزا مقرر ہے جس میں حجتہ اسلام ڈاکٹر مولانا سید نثار حسین حیدر آقا، صدر کل ہند شیعہ مجلس العماد ذاکرین رکن شیعہ وقف بورڈ صدر کوہ امام ضامن کمیٹی نے اس مجلس عزا سے خطاب کریں گے اور تمام مومنین سے شرکت کی اپیل کی ہے۔

جلسہ تقسیم اسناد، انعامات و محفل نعت پاکؐ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) جلسہ تقسیم اسناد و انعامات برائے مفت گرمائی دینی تعلیمی کلاسس، محفل نعت پاکؐ و مناقب بضمن سالانہ فاتحہ قطب دکن سلطان العارفین حضرت سیدنا خواجہ بندہ نواز گیسودراز بلند پروازؒ، ماہانہ فاتحہ حامئی شریعت رہبر طریقت حضرت الحاج الحافظ پیر سید احمد علی شاہ المعروف حضرت پیر جی قبلہ ابوالعلائیؒ و پیر طریقت حضرت مولانا الحاج صوفی سید شاہ افتخار محی الدین قادری ابوالعلائی المعروف حضرت افتخار پاشاہؒ قبلہ بتاریخ 25 مئی 2024 مطابق 16 ذیقعدہ 1445ھ بروز ہفتہ بعد نماز عشاء بمقام آستانہ حضرت پیر جی قبلہ ابوالعلائیؒ روبرو بس اسٹانڈ چار مینار، پنج محلہ زیر نگرانی مولانا عثمان محی الدین قادری ابوالعلائی المعروف علی پاشاہ سجادہ نشین و متولی آستانہ عالیہ ابوالعلائیہ منعقد ہوگی۔ جس میں مفت گرمائی دینی تعلیمی کلاسس میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات کو اسناد و انعامات بدست ممتاز علمائے کرام و مشائخ عظام عطا کئے جائیں گے بعد ازاں محفل نعت پاکؐ منعقد ہو گی اور صرف مدعونعت گو و نعت خواں حضرات ہی کلام سنائیں گے، نظامت کے فرائض نعت گو شاعر عبدالقیوم علیم انجام دیں گے۔ گرمائی کلاسس میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات، سرپرستوں، مریدین، معتقدین اور سامعین سے شرکت کی خواہش کی گئی ہے۔

104 ویں عرس مبارک حضرت بنے میاں بیابانی قادری چشتی الرفاعیؒ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) 104 واں عرس مبارک سرکار حضرت بنے میاں بیابانی قادری چشتی الرفاعیؒ خلیفہ سرکار سید شاہ افضل بیابانی قبلہؒ کے موقع پر بارگاہ واقع شاہ گنج اورنگ آباد شریف میں لی گئی تصویر میں حضرت خواجہ ضیاء الدین خان بیابانی سجادہ نشین و متولی حضرت ممدوحؒ خواجہ کاشف الدین خان بیابانی خواجہ مغیث الدین خان بیابانی محمد رحیم ضیاء الدین افضل بیابانی فرید پاشاہ سجادہ نشین حضرت شاہ محمد محمد کشفی بیابانی کشفی گلشن حیدرآباد اور دیگر دیکھے جاسکتے ہیں۔

آج ماہانہ مجلس فیضان مرزا محمد بیگؒ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) ماہانہ مجلس فیضان حضرت خواجہ مرزا محمد بیگؒ واقع احاطہ درگاہ حضرت سردار بیگ قبلہؒ آغا پورہ کمان بھوئی گوڑہ میں 15 ذیقعدہ بروز جمعہ کو مقرر ہے جس میں بعد مغرب محفل سماع ہوگی مولانا محمد کلیم اللہ شاہ چشتی مرزائی سجادہ نشین نگرانی کریں گے۔ شرکت کی اپیل ہے۔

ایران کے صدر ابراہیم رائیسی کی وفات پر شیعہ فرنٹ آف سوسائٹی کا تعزیتی بیان

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) شیعہ فرنٹ آف سوسائٹی کے جنرل سکریٹری سید دلاور حسین نے ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی حادثہ میں ان کی اور ان کے ساتھیوں کی وفات پر اپنے گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ابراہیم رئیسی سے دنیا کے تمام مظلوم اور محروم لوگوں کی امیدیں وابستہ تھیں وہ بہت ہی ہمدرد اور دلسوز رہنما تھے۔ ان کے انتقال سے ایسی خلاء پیدا ہوگی جسے کوئی چیز پر نہیں کرسکتی عنقریب ایک مجلس ترحیم مرحوم کیلئے منعقد کی جائے گی۔

سالانہ یوم ابوالخیراتؒ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) سالانہ یوم وصال حضرت ابوالخیرات الحاج سید انوار اللہ شاہ نقشبندی جانشین حضرت ابوالبرکاتؒ 2 / جون کو مقرر ہے۔ خادم ابوالخیرات قاضی محمد احسان اللہ خالد مقیم لندن کی جانب سے بعد عصر مزار ابوالخیراتؒ واقع نقشبندی چمن مصری گنج میں چادر گل پیش کی جائے گی اور دعاء ہوگی۔ میر رفیق علی ترمذی گلہائے عقیدت پیش کریں گے۔

جلسہ فیضان حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) جلسہ فیضان حضرت سیدنا خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ زیر صدارت ابولدرجات حافظ و قاری مولانا مفتی پیر غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری، امیر انٹرنیشنل علم تحریک تحفظ سنیت بتاریخ 15 ذیقعدہ بروز جمعہ 12 بجے دن مسجد حضرت ابوالحسنات سی بلاک حافظ بابانگر میں مقرر ہے۔ حافظ و قاری مولانا محمد عبدالستار امام مسجد اور محمد عبدالعظیم نقشبندی القادری منتظم مسجد کی قرأت کلام پاک و نعت شریف سے جلسہ کا آغاز ہوگا۔

جلسہ فیضان حضرت بندہ نواز گیسودرازؒ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) کل ہند مرکزی مجلس شیخ الاسلام بانی جامعہ نظامیہ کے زیر اہتمام مرکزی جلسہ فیضان حضرت سیدنا خواجہ بندہ نواز گیسودرازؒ زیر صدارت ابولدرجات حافظ و قاری مولانا مفتی پیر غلام احمد قریشی مجددی نقشبندی القادری، امیر انٹرنیشنل علم تحریک تحفظ سنیت بتاریخ 16 ذیقعدہ بروز ہفتہ بعد ظہر قدیم سنی مرکز مدرسہ برکات الحسنات مقرر ہے۔ طلباء مدرسہ و دیگر حضرات حمد باری تعالیٰ، نعت شریف اور منقبت سنانے کی سعادت حاصل کریں گے۔ جلسہ کا آغام قرأت کلام پاک سے ہوگا آخر میں سلام با قیام بحضورؐ پیش کیا جائے گا۔

مشیرآباد بھولکپور مسجد حضرت سیدنا بلالؓ میں تحریک اسلامی کے زیر اہتمام ہفتہ واری اجتماع کا انعقاد

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) محمد ساجد قادری کے اطلاع کے مطابق تحریک اسلامی کے زیر اہتمام عظیم الشان ہفتہ واری اجتماع بتاریخ 24 مئی بروز جمعہ بعد نماز مغرب مسجد حضرت سیدنا بلالؓ بھولکپور مشیرآباد میں انعقاد عمل میں آئیگا۔ مبلغین تحریک اسلام کی قرأت کلام پاک، نعت رسولؐ سے اجتماع کا آغاز ہوگا بعد ازاں نگران تحریک اسلام مولانا مفتی محمد فاروق رضا قادری کامل جامعہ نظامیہ کا ''اختیارات مصطفیٰؐ'' پر خصوصی خطاب ہوگا۔ اس اجتماع کے صدر استقبالیہ محمد عبدالرشید قادری، محمد عبداللطیف قادری ہونگے۔ خصوصی دعا و سلام بارگاہ خیرالانام نے فرزندان اسلام سے معہ دوست احباب کے کثیر تعداد میں شرکت کی خواہش کی ہے مزید تفصیلات کیلئے 9440530102 پر ربط فرمائیں۔

خانقاہ کنج نشین سے روانگی غلاف مبارک گلبرگہ شریف

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) سید شاہ طٰہٰ انور کنج نشین جنیدی البغدادی کی اطلاع کے بموجب خانقاہ کنج نشین فتح دروازہ کی جانب سے روانگی غلاف مبارک گلبرگہ شریف بضمن عرس مبارک خواجہ دکن حضرت سیدنا بندہ نواز گیسودرازؒ و محفل درود شریف بضمن حلقہ پارلیمان حیدرآباد سے بیرسٹر اسدالدین اویسی، صدر کل ہند مجلس اتحاد المسلمین کی تاریخی بھاری اکثریت سے کامیابی کیلئے خصوصی دعا۔ آج 15 ذیقعدہ بروز جمعہ بعد عشاء قیام گاہ داعی محفل محمد مزمل محمد منصور واقع قاسم باولی یاقوت پورہ مقرر ہے۔ جس کی نگرانی حضرت مولانا سید شاہ عمران پاشاہ کنج نشین جنیدی البغدادی کریں گے۔ بطور مہمان خصوصی حضرت مولانا سید احمد پاشاہ قادری زرین کلاہ سابقہ MLA و معتمد عمومی AIMIM، میر ذلفقار علی MLA حلقہ چارمینار، مرزا رحمت بیگ MLC مجلس، حضرت مولانا شکیل احمد قادری عثمان آباد، حافظ و قاری محمد شفیع محی الدین شرفی قادری، محمد وقار پاشاہ مولانا حافظ سید غوث حسن شرفی شرجیل محمد عبدالقیوم علیم برادر وسیم الہامی صدر بزم ثنائے مصطفیٰ ہونگے۔ سید شاہ طلال انور کنج نشین، سید شاہ علی تبریز کنج نشین، سید شاہ طلحہ انور کنج نشین نے شرکت کی خواہش کی ہے۔

حضرت سیدنا ہاشم دستگیر حیدرآبادیؒ کے چارروزہ عرس تقاریب

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) حضرت پیر سیدنا ہاشم دستگیر حسنی الحسینی قادری الجیلانیؒ و حضرت پیر سید شاہ احمد بادشاہ حسنی والحسینی قادری الجیلانیؒ، حضرت پیر سید شاہ فاضل بادشاہ ثانی حسنی والحسینی قادری الجیلانی بڑے صاحب قبلہ کے چار روزہ عرس تقاریب کی سرپرستی حضرت سید محمود پاشاہ قادری زرین کلاہ کریں گے۔ 31 مئی تا 3 جون جمعہ تا پیر بمقام پہاڑی حضرت ہاشم دستگیرؒ واقع چندرائن گٹہ بنڈلہ گوڑہ روڈ ہاشم آباد حیدرآباد مقرر ہے۔ 31 مئی کو غسل مبارک یکم جون کو صندل مبارک، 2 جون کو جشن چراغاں، 3 جون کو محفل قل شریف ہوگی تمام مراسم عرس سجادہ نشین و متولی پیر سید شاہ ولی پاشاہ ثانی حسنی والحسینی قادری الجیلانی ہاشم پاشاہ جیلانی انجام دیں گے۔ منجانب انتظامی کمیٹی درگاہ شریف حضرت ممدوح و پیرزادہ سید شاہ احمد پاشاہ ثانی حسنی والحسینی قادری الجیلانی نے تمام سے شرکت کی خواہش کی ہے۔

ایس ایس سی میں ناکام طلباء کیلئے مفت کوچنگ

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) ایم ایچ انٹر میڈیٹ اینڈ ووکیشنل اکیڈمی حیدرآباد (گیلیکسی میڈیکل اینڈ ایجوکیشنل سوسائٹی کے زیر انتظام) اعلان کرتی ہے کہ ایس ایس سی میں ناکام طلباء کیلئے ماہر اساتذہ سے ان کے متعلقہ مضامین میں مفت کوچنگ کروائی جارہی ہے تا کہ وہ آنے والے سپلیمنٹری امتحانات میں کامیاب ہوسکیں۔ متعلقہ مضامین کی کلاسز اکیڈمی کے اوقات کار کے دوران منعقد کی جائیں گی۔ مقام: ایم ایچ انٹر میڈیٹ اینڈ ووکیشنل اکیڈمی، روبرو مسجد الٰہی، چادر گھاٹ، حیدرآباد رجسٹریشن کا آغاز، 15 مئی سے ہوا، طلباء سے درخواست ہے کہ وہ فوری طور پر اکیڈمی میں اپنا نام درج کرائیں۔ خواہشمند مزید تفصیلات کیلئے 7981649970, 9632079982 ان فون نمبرات پر ربط کریں۔

کمپیوٹر ایجوکیشن کی مفت کلاسس

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) طلبہ و طالبات کیلئے جو کہ SSC، Inter پاس یا فیل اور ملازمت کے متلاشی ہوں اور انہیں ہنرمند و خود مکتفی بنانے کیلئے اور ملازمت سے آراستہ کرنے کیلئے عصری پروفیشنل کمپیوٹر ووکیشنل کورسس کا مفت اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ، کمپیوٹر ہارڈویر، ڈی ٹی پی، آٹو کیڈ، ایم ای پی، کمپیوٹر اکاؤنٹنگ پیاکیجس، ایم ایس آفس ڈیٹا انٹری، اے ڈی سی اے، پی جی ڈی سی اے اور اسکل ڈیولپمنٹ کلاسس، اسپوکن انگلش کی تربیت بھی شامل ہے۔ خواتین و طالبات کیلئے علیحدہ کلاسس کا نظم رہے گا اور اس کے ساتھ مزید 10 کورسس شامل ہیں۔ مزید معلومات کیلئے 8367303473 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

فری اسپوکن عربی کلاسیس

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) ورڈ ماسٹر کمپیوٹر ملے پلی کی جانب سے طلبہ اور دیگر افراد کو گرمائی تعطیلات میں عربی تعلیم سے آراستہ کرنے کے مقصد سے فری اسپوکن عربی کلاسیس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ تعلیم اور عمر کی کوئی قید نہیں ہے۔ ورڈ ماسٹر روبرو ابراہیم مسجد ملے پلی میں یہ کلاسیس منعقد ہوں گی۔ لڑکیوں کیلئے مکمل پردہ اور خواتین اساتذہ کے ذریعہ تعلیم کا انتظام ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے 9885974828 پر رابطہ کریں۔

مانو کے ایم اے پبلک ایڈمنسٹریشن میں داخلے جاری

حیدرآباد، 23 مئی (پریس نوٹ) شعبہ نظم و نسق عامہ، مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کا ایک اہم شعبہ ہے۔ اس کے تحت بی اے، ایم اے اور پی ایچ ڈی کورس چلائے جارہے ہیں۔ ایم اے پبلک ایڈمنسٹریشن دوسالہ ریگولر کورس میں کوئی بھی گریجویٹ جو 40% نشانات حاصل کیا ہو داخلہ کے لئے اہلیت رکھتا ہے۔ داخلہ میرٹ کی بنیاد پر دیا جائے گا۔ پی ایچ ڈی ریگولر کورس 3 تا 6 سالوں پر مشتمل پروگرام ہے۔ نظم و نسق عامہ اور سیاسیات میں کم از کم 55 نشانات سے پوسٹ گریجویشن کامیاب امیدواروں کو اہلیتی ٹسٹ کے بعد داخلہ دیا جائیگا۔ ایم۔ اے میں داخلے کیلئے 35 سال اعظم ترین عمر کی قید ہے۔ تمام کورس میں داخلوں کیلئے دسویں، بارہویں یا ڈگری میں اردو بطور مضمون پڑھنا ضروری ہے۔ شعبہ نظم و نسق عامہ میں تجربہ کار اساتذہ کی خدمات حاصل ہیں۔ نظم و نسق عامہ کے تمام مضامین میں اردو میں معیاری نصابی مواد دستیاب ہے۔ شعبہ میں معیاری تحقیق کا کام بھی جاری ہے۔ شعبہ کے کئی طلباء و طالبات SLET / NET امتحان میں کامیاب ہوئے ہیں اور MANF.JRF-ICSSR فیلوشپ حاصل کررہے ہیں۔ شعبہ کا نصاب عصری ضرورتوں سے ہم آہنگ ہے۔ شعبہ سے فارغ طلبہ یونیورسٹی، ڈگری کالجس اور دیگر سرکاری، خانگی اور غیر سرکاری شعبہ جات میں اعلیٰ عہدوں پر اپنی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ اسکالرشپ کی قواعد کے مطابق پی ایچ ڈی میں داخلہ لینے والے طلباء کو 8000 روپے ماہانہ اسکالرشپ دی جائے گی۔ ایم اے طلبہ کیلئے مرکزی و ریاستی حکومتوں کی جانب سے میرٹ کی بنیاد پر اسکالرشپ دستیاب ہیں۔ لڑکے اور لڑکیوں کیلئے کیمپس میں ہاسٹل کی بہترین سہولیات دستیاب ہے۔ یونیورسٹی ہیلتھ سنٹر میں طلبہ کیلئے طبی خدمات فراہم کی جاتی ہیں۔ انٹرنیٹ اور وائی فائی اور معیاری کتب خانے کیساتھ ساتھ کھیل کود کی سہولیات بھی موجود ہیں۔ پی ایچ ڈی میں فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 / مئی ہے۔ ایم اے میں فارم داخل کرنے کی آخری تاریخ 30 / جون ہے۔ پراسپکٹس اور آن لائن فارم داخل کرنے کے لیے یونیورسٹی کے ویب سائٹ www.manuu.edu.in سے رجوع کریں۔ مزید معلومات 040-23008449، 09705704939 سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

جناب آصف رشید کا انتقال

حیدرآباد، 23 / مئی (راست) جناب آصف رشید صاحب ولد جناب ایم اے رشید صاحب یونیک ہائی اسکول بڑا بازار یاقوت پورہ بوائز سکشن کے انچارج وساکن مغل پورہ پانی کی ٹانکی کا مختصر سی علالت کے بعد چہارشنبہ 22 / مئی 2024ء کی شب بعمر 62 سال انتقال ہوگیا۔ نماز جنازہ جمعرات 23 / مئی کو بعد نماز ظہر (جماعت 30-1 بجے) مسجد حافظ ڈنکہ مغل پورہ حیدرآباد (نزد سوئمنگ پول و الفا ہاسپٹل) میں ادا کی گئی۔ تدفین سید علی چبوترہ کے قبرستان میں عمل میں آئی۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ ایک فرزند واصف رشید کے علاوہ 2 دختران شامل ہیں۔ تفصیلات کیلئے 9182727801 پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

نواب میر عثمان علی خان کی برسی، نواب رونق یار خان اودیگر کا خراج

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) ساتویں نظام نواب میر عثمان علی خان کی 58 ویں برسی کے موقع پر آصف جاہی خاندان کے نویں نظام نواب ڈاکٹر رونق یار خان نے صاحبزادگان اور دیگر کیساتھ کنگ کوٹھی میں واقع مسجد جودی میں نظام کی قبر پر چادر گل پیش کرتے ہوئے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وہ ایک سیکولر حکمراں تھے اور آج بھی لوگ نظام دور حکومت کی مثال دیا کرتے ہیں۔ اس موقع پر ساتویں نظام تک کے تمام افراد خانہ موجود تھے۔ رونق یار خان، جو حضور نظام کے اوقاف کے حقیقی متولی کے طور پر خدمات انجام

دے رہے ہیں۔ جن کی نگرانی میں مختلف ادارے کام کررہے ہیں۔ وہ راست روزانہ ان کے ماتحت نظام کے مختلف اداروں کا جائزہ لیں گے جن میں عاشور خانہ، مساجد اور دیگر امور شامل ہیں۔ آصف جاہی سلطنت کے 300 کی تکمیل پر وہ نظام خاندان کے افراد خاندان کیساتھ ریاست تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اور دیگر اعلیٰ سرکاری عہدیداروں کیساتھ ملاقات کرتے ہوئے انہیں اوقاف جائیدادوں پر غیر مجاز قبضوں سے آگاہ کریں گے۔ صاحبزادہ سید مبارک اللہ برکت نے کہا کہ آج بھی دکن کے عوام، نظام دور حکومت میں انجام دیئے مختلف ترقیاتی اقدامات سے آج بھی مسلسل استفادہ کررہے ہیں۔ اس موقع پر ساتویں نظام کے پوترے شہزادہ میلاد علی خان، سجاد علی خان، میر قادر علی خان، زبیر علی خان اور نظام خاندان کے افراد خاندان اور عوام کی کثیر تعداد موجود تھی۔

اخلاص و اختصاص کے ذریعہ دنیا بھر میں خدمات کے مواقع

جامعۃ البنات میں نتائج امتحان سالانہ کی نشست سے مولانا ڈاکٹر پروفیسر سید راشد نسیم ندوی کا خطاب

حیدرآباد، 23 مئی۔ (راست) یہ ایک حقیقت ہے کہ تعلیم سے کوئی مفر نہیں اور اس وقت تعلیم کے زیور سے آراستہ ہوئے بغیر کوئی بہتر اور روشن مستقبل کی ضمانت نہیں دی جاسکتی انسان زندگی تو گزار سکتا ہے مگر ایک با مقصد اور کامیاب زندگی گزارنے کے لیے تعلیم و تربیت سے آراستہ ہونا نہایت ضروری ہے۔ اسلاف کے کارناموں کو اگر دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ انہوں نے یہ کارنامے تعلیم و تربیت ہی کے ذریعے انجام دیے ہیں اور اپنی تعلیم و تربیت کے حصول کیلئے ناقابل فراموش اور قابل تقلید قربانیاں بھی دی ہیں۔ اللہ تعالی نے قران مجید میں کونوا ربانیین فرما کر اس بات کی طرف اشارہ فرما دیا کہ اپنے اندر رب تعالی شانہ کی صفات کا عکس پیدا کرو کتاب کی تعلیم کے بعد انسان کے اندر ایسی نافعیت اور عملیت پیدا ہو جس سے پوری انسانیت استفادہ کرسکے آج طالبات کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے رہن سہن نشست و برخواست اور اخلاق و کردار کو مزاج نبوی کے مطابق ڈھال لے جوڑ کر چلنے کی خصوصیات ان کے اندر پاء جائیں اپنے اعلی کردار کے ذریعے نفرت و سازش کا خاتمہ کرسکیں۔ ان خیالات کا اظہار مولانا ڈاکٹر پروفیسر سید راشد نسیم ندوی (ڈین افلو یونیورسٹی) نے دختران ملت کی بافیض دینی و عصری درسگاہ جامعۃ البنات سعید آباد میں نتائج امتحان سالانہ کی ایک خصوصی نشست کے موقع پر کیا۔ مولانا نے کہا اپنے اندر دو صفات پیدا کرلو ساری دنیا میں تم اپنی خدمات کا لوہا منوا سکتی ہو اور تمہاری خدمات کا فیض ساری دنیا میں جاری و ساری ہوسکتا ہے۔ ایک تو اخلاص اور دوسرے اختصاص اخلاص اس لیے کہ اس کے بغیر ہمارا کوئی عمل بارگاہ الٰہی میں مقبول نہیں ہوگا اور اختصاص اس لیے کہ اس وقت اسپیشلائزیشن کا زمانہ ہے معمولی تعلیم و تعلم پر ایک طائرانہ نظر اس وقت کی ضروریات کے لیے ناکافی ہیں۔ اس لیے اختصاص کی بڑی اہمیت ہے جب تک ہمارے اندر کسی بھی مضمون سے متعلق مہارت تامہ نہیں ہوگی اس وقت تک ہم صحیح معنوں میں اپنی بات لوگوں کے دلوں تک نہیں پہنچا سکتے۔ مولانا نے فرمایا کہ اس وقت عالمی اور ملکی پیمانے پر جو نفرت و سیاست عام ہے اور پورے منصوبہ بند طریقے پر سازشوں پر سازشیں کی جارہی ہیں اس کا خاتمہ صرف اسی طرح ممکن ہے کہ ہم اپنے اندر اعلی کردار پیدا کریں ربانی صفات سے ہم اپنی زندگی کو آراستہ کریں لوگوں کے لیے نفع بخش بنیں۔ جہاں رہیں اپنے اعلی اخلاق و کردار کے ذریعے لوگوں کے دلوں پر حکومت کریں توڑنے کے بجائے جوڑنے کا مزاج اپنائیں یہ خوشگوار زندگی کے لیے نہایت ضروری چیزیں ہیں مولانا نے اس موقع پر جامعہ کی خدمات کو سراہا اور جس انداز میں طالبات پر اساتذہ و معلمات اور انتظامیہ کی جانب سے محنتیں ہورہی ہیں اس پر انہوں نے مبارک باد پیش کی مختلف موضوعات پر طالبات کے مقالہ جات لکھنے پر مولانا نے خوشی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر تمام کلاسوں کے ممتاز طالبات کو اول دوم اور سوم انعامات سے نوازا گیا عالمہ سوم سے فضیلت ثانیہ تک کی طالبات کو مولانا کے ہاتھوں انعامات دیے گئے اس موقع پر انتظامیہ کی جانب سے مولانا محترم کا شکریہ ادا کیا گیا۔